© rasailojaraid.com

# تعارف و تبصرہ

اشرف المناسک مناسک حج

مصنفہ مولانا الحاج محمد اشرف علی قریشی ، ایڈیٹر ماہنامہ صدائے اسلام ، پشاور۔

حجم ۲۶۹ صفحات، مجلد قیمت چار روپے۔

حج بیت اللہ دین اسلام کا پانچواں رکن ہے ۔ اس عبادت میں صبر، شکر، عشق و محبت، للہیت اور اتباع رسول کی بڑی اچھی تربیت ہوتی ہے ۔ حج بیت اللہ کے فرائض، سنن اور نوافل پر اتنی کتابیں مختلف زبانوں میں لکھی جا چکی ہیں کہ ان کا شمار بھی ممکن نہیں ہے ۔

مولانا محمد اشرف علی کی زیر تبصرہ کتاب اردو میں شاید جدید ترین کتاب ہے جو دو تین ماہ قبل شایع ہوئی ہے ۔ اس میں حج سے متعلق تمام ضروری امور تفصیل کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں ۔ دعائیں اصل عربی میں اردو ترجمہ کے ساتھ درج کی گئی ہیں ۔

ہم امید کرتے ہیں کہ یہ کتاب ہر اعتبار سے مفید ثابت ہوگی، اور اس کی قیمت اتنی کم ہے کہ سب لوگ اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں ۔

© rasailojaraid.com